**امریکی محکمہ انصاف کی کمیونٹی ریلیشنز سروس**

# طلبا کو با اختیار بنانا

## اسکولوں میں رونما ہونے والے تنازعات کی مل کر شناخت کرنا اور ان سے نمٹنا

امریکی محکمہ انصاف کی کمیونٹی ریلیشنز سروس (سی آر ایس) باہم مل کر طلبا کے مسائل کی شناخت کرنے اور انہیں حل کرنے کے پروگرام (اسکول-اسپرٹ) کے ذریعے اسکولوں میں طلبا کے درمیان رونما ہونے والے تنازعات سے نمٹنے میں مدد فراہم کرتی ہے۔ یہ پروگرام نسل، رنگ، بنیادی قومیت، صنف، صنفی شناخت، جنسی کیفیت، مذہب اور معذوری کے حوالے سے پیدا ہونے والی کشیدگی سے نمٹنے اور تنازعات سے متعلقہ مسائل کے حل کیلئے اسکولوں کی مدد کرتا ہے۔

CRSسی آر ایس تربیت یافتہ رضاکار سہولت کاروں کے ساتھ مل کر اسکول-اسپرٹ پروگرام وضح کرتی ہے جو ایک مکمل دن یا دو نصف دنوں کے دوران مسائل کی شناخت اور ان کے حل سے متعلق طلبا کے متنوع گروپوں کو اکٹھا کرتا ہے۔ یہ پروگرام طلبا خود چلاتے ہیں اور یہ مسائل کی شناخت اور ان کو ترجیح دینے، فیصلہ سازی اور حل تیار کرنے سمیت مسائل کے حل کیلئے مہارتیں پیدا کرنے میں ان کی مدد کرتا ہے۔ نتیجتاً طلبا اپنے اسکولوں میں ابھرنے والے تنازعات کے حل کیلئے قائدانہ کردار ادا کرتے ہیں اور مستقبل میں سامنے آنے والے تنازعات سے نمٹنے کیلئے ہنر مندی اور استعداد بڑھاتے ہیں۔

### پروگرام کا عمومی جائزہ



**۱۔ مسائل کی شناخت**

طلبا اسکولوں پر اثر انداز ہونے والے مسائل کی شناخت کیلئے چھوٹے گروپوں کی شکل میں کام کرےہیں جن میں یہ طے کرنا شامل ہوتا ہے کہ کون سا طریقہ بہتر انداز میں مؤثر ثابت ہوتا ہے اور کس قسم کی تبدیلی کی ضرورت ہے۔ یہ چھوٹے گروپ بعد میں بڑے گروپوں میں اپنی رپورٹ پیش کرتے ہیں۔

**۲۔ مسائل کو ترجیح دینا**

چھوٹے گروپوں میں جن مسائل کی شناخت کی جاتی ہے ان میں سے اسکولوں میں سب سے زیادہ اہم حل طلب مسائل کو ترجیح دی جاتی ہے۔

**۳۔ حل کی تلاش کیلئے کام کرنا**

طلبا کو پھر دیگر چھوٹے گروپوں میں شامل کیا جاتا ہے تاکہ وہ ان مسائل کے حل کیلئے کام کریں جن کو ترجیحی بنیادوں پر منتخب کیا گیا ہو۔ وہ ان مسائل کے ممکنہ اثرات اور ہر ممکن حل کے نتائج کا جائزہ لیتے ہیں اور پھر اپنی سفارشات پر مبنی رپورٹ بڑے گروپ میں پیش کرتے ہیں۔

**۴۔ اسپرٹ کونسل**

شریک ہونے والے طلبا اسپرٹ کونسل میں ممبروں کا انتخاب اور تقرری کرتے ہیں۔ کونسل طلباء رہنماؤں پر مشتمل ایک اسٹینڈنگ گروپ ہے جو اسکول اسپرٹ پروگرام کے دوران تیار کردہ حلوں پر عمل درآمد کے لئے اسکول کے منتظمین کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔

**۵۔ اسپرٹ کی رپورٹنگ اور اس کا اجلاس طلب کرنا**

اسکول-اسپرٹ پروگرام کے دوران جمع کردہ آراء اور معلومات کو سی آر ایس مستحکم کرتا ہے اور اس کی ایک رپورٹ تیار کرتا ہے۔ سی آر ایس اس رپورٹ کا جائزہ لینے اور سیشنوں کے دوران زیر بحث آنے والے تنازعات سے نمٹنے کے لئے ٹھوس عملی اقدامات تیار کرنے اور ان پر عمل درآمد کے لئے اسپرٹ کونسل اور اسکول کی قیادت کو طلب طلب کرتی ہے۔

**اسکولوں کو اسکول اسپرٹ پر کیوں غور کرنا چاہئے؟**

یہ طلباء کی قائدانہ صلاحیتوں کو فروغ دیتا ہے

اپنے اسکول میں تنازعات کی نشاندہی کرنے اور ان کو حل کرنے کی طاقت کے ذریعہ طلباء اور اسکول کی برادری کے دیگر ممبروں کے مابین باہمی تعاون کو بہتر بناتا ہے

مشترکہ پہلو دریافت کرنے اور باہمی احترام پیدا کرنے کے لیے متعدد طلباء گروپس کو اکٹھا کرتا ہے

مسائل کی نشاندہی کرنے اور حل تیار کرنے کے لئے پانچ مرحلوں پر مشتمل عمل کے ذریعے طلباء کی مہارت کو بڑھا دیتا ہے

اسکولوں کے منتظمین کے ساتھ مل کر حل کے نفاذ کے لئے کام کرنے کی خاطر طلباء رہنماؤں کی کونسل تشکیل دے کر بنیادی تنازعات کو دور کرنے میں اسکولوں کی صلاحیت کو بڑھاتا ہے

## سی آر ایس کے بارے میں

سی آر ایس شہری حقوق کے ایکٹ 1964 کے تحت ٹائٹل X کے طور پر تشکیل دی گئی اور اسے میتھیو شیفیرڈ اور جمیز برڈ جونیئر نے توسیع دی، نفرت پر مبنی جرائم کی روک تھام کے ایکٹ 2009 ، سی آر ایس نسل، رنگ، بنیادی قومیت، صنف، صنفی شناخت، جنسی کیفیت، مذہب اور معذوری کا سامنا کرنے والی کمیونٹیز کیلئے ''امریکہ کی امن قائم کرنے والی'' تنظیم کے طور پر کام کرتی ہے۔ سی آر ایس کی خدمات کا مقصد مقامی کمیونٹیز کی اہلیت کو بڑھانا ہے تاکہ وہ انفرادی طور پر یا باہمی رابطے کے ذریعے مستقبل میں مسائل کے حل، معلومات میں اضافے اور رابطہ کاری کو بہتر بنا کر مستقبل میں سامنے آنے والے تنازعات کو روک سکے اور انہیں حل کر سکے۔

## سی آر ایس خدمات اور پروگرام

سی آر ایس ان برادریوں کو کشیدگی کا سامنا کرنے والے پروگراموں کا ایک سلسلہ فراہم کرتا ہے ، جو افہام و تفہیم کی تشکیل ، باہمی تعاون کو بہتر بنانے اور آئندہ کے اختلافات کو روکنے کے لئے ایک ذریعہ ہے۔ سی آر ایس کا عملہ پیشہ ور ثالث ، سہولت کار ، تربیت دہندگان اور مشیر ہیں جو کمیونٹی کے ممبروں کو ایک ساتھ لانے کا تجربہ رکھتے ہیں جس کا مقصد موجودہ تنازعات کو حل کرنا اور آئندہ کے تنازعات کو روکنے میں ان کی صلاحیت کو بڑھا نا ہے۔

## ہم کہاں کام کرتے ہیں

**سی آر ایس ہیڈ کوارٹرز**

واشنگٹن ڈی سی

**سی آر ایس کے علاقائی دفتر**

**نیو انگلینڈ**
باسٹن، میساچیوسٹس

**مڈ ویسٹ**
شکاگو، ایلی نوئے

**مغربی**
لاس اینجلس، کیلی فورنیا

**شمال مشرق**
نیویارک، نیو یارک

**جنوب مغرب**
ڈیلس، ٹیکساس

**شمال مغرب**
سئیٹل، واشنگٹن

**وسط بحر اوقیانوس**
فلاڈیلفیا، پینسلوانیا

**مرکزی**
کنساس سٹی، مزوری

**جنوب مشرق**
ایٹلانٹا، جارجیا

**راکی ماؤنٹین**
ڈینور، کولوراڈو

**سی آر ایس فیلڈ آفسز**

میامی، فلوریڈا
ڈیٹرائٹ، مشی گن
ہیوسٹون، تگزاس
سان فرانسیسکو، کالیفرنیا




## ہمیں تلاش کریں، ہم سے رابطہ کریں

**www.justice.gov/crs**

facebook.com/DOJCRS/ @DOJ_CRS askcrs@usdoj.gov 202.305.2935

اس پروگرام یا سی آر ایس کی دیگر خدمات کے بارے میں مذید معلومات کیلئے، اپنے سی آر ایس کے مقامی دفتر سے رجوع کریں:

https://www.justice.gov/crs/about-crs/regional-and-field-offices